(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَۃُ مِن بِحارِ مَناقِبِ النَّبی وَالْعِتْرَۃِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجتہ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چودھری

ہدیہ .... =/200 روپے

(کمال الدین: ۲/ ۶۷۵ حدیث ۳۰ الکافی: ۲/ ۲۵ حدیث ۱ بحار الانوار: ۵۲/ ۳۲۷ حدیث ۴۷ الوافی: ۲/ ۴۵۶)

آمد مہدیؑ

(۱۱۳/۶۲۶) شیخ مفیدؒ کتاب ارشاد ص ۴۰۹ میں امام باقر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

كَأَنِّي بِالْقَائِمِ عَلَى نَجَفِ الْكُوفَةِ وَقَدْ سَارَ الَيها مِنْ مَكَّةَ فِي خَمْسَةِ آلافٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ جبرائيل عَنْ يَمِينِهِ وَمِيكَائِيلُ عَنْ شِمَالِهِ وَالْمُؤْمِنُونَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُوَ يُفَرِّقُ الْجُنُودُ فِي الْبِلَادِ

”گویا قائم علیہ السلام کو میں نجف میں دیکھ رہا ہوں۔ جو مکہ سے پانچ ہزار فرشتوں کے ساتھ اس شہر کی طرف روانہ ہوئے ہیں، جن کی دائیں طرف جبرائیل اور بائیں طرف میکائیل ہیں۔ آگے آگے مؤمنین ہیں اور حضرت اپنے لشکریوں کو مختلف شہروں کی طرف روانہ کر رہے ہیں“

(بحار الانوار: ۵۲/ ۳۳۶ حدیث ۷۵ الزام الناصب ۲/ ۱۴۰ اثبات الهداة ۳/ ۵۵۵ حدیث ۵۸۷)

پردے اٹھ جائیں گے

(۱۱۴/۶۲۷) سید علی بن عبدالحمید کتاب غیبت میں ابن مسکان سے نقل کرتے ہیں کہ وہ کہتا ہے میں نے امام صادقؑ سے سنا کہ آپ نے فرمایا:

ان المومن فی زمان القائمؑ وهو بالمشرق ليرى اخاه الذى فى المغرب وكذا الذى فى المغرب يرى اخاه الذى فى المشرق

”حضرت قائم علیہ السلام کے زمانے میں مشرق میں رہنے والا مؤمن اپنے بھائی کو مغرب میں دیکھ سکے گا اور مغرب میں رہنے والا مومن اپنے بھائی کو مشرق میں دیکھ سکے گا“

(بحار الانوار: ۵۲/ ۳۹۱ حدیث ۲۱۳ منتخب الاثر ص ۴۸۳ بشارة الاسلام ص ۲۵۴)